(اُمیدوار خود پُر کرے) Roll No. ______

**اُردو** (لازمی) **HSSC (12th) 2nd Annual 2022** وقت : 2:40 گھنٹے

پرچہ : II انشائی نمبر : 80

## حصّہ دوم

2. (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10=1+1+4+4

ایک بوسیدہ ، خمیدہ پیڑ کا کمزور ہاتھ — سیکڑوں گرتے ہوؤں کی دست گیری کا امیں

آہ! اُن گردن فرازانِ جہاں کی زندگی — اک جھکی ٹہنی کا منصب بھی جنہیں حاصل نہیں!!

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے، شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10=1+3+3+3

دل میں اک لہر سی اُٹھی ہے ابھی — کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی

شور برپا ہے خانۂ دل میں — کوئی دیوار سی گری ہے ابھی

بھری دنیا میں جی نہیں لگتا — جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

## حصّہ سوئم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+10+3

(الف) سر سید نے قدامت پسند مسلمانوں کو نئے زمانے کی ضروریات سے آگاہ کیا اور ہزار دِقتوں سے ان کو نئے علوم کے حصول اور نئی حکومت سے تعاون پر آمادہ کیا۔ اپنی بعض مذہبی تصانیف اور رسالہ "تہذیب الاخلاق" کے اجرا سے انہوں نے ثابت کر دکھایا کہ اسلام عقل کے اصولوں پر مبنی ہے۔ ان کی تعلیمی مساعی ۱۸۷۷ء میں تکمیل کو پہنچیں جب علی گڑھ کالج کا افتتاح ہوا جو کم از کم تیس برس تک مسلمانانِ ہند کا واحد قومی مرکز بنا رہا۔

(ب) ہر دراز سے میلے موزے اور رومال، ہر جیب سے تھیٹر، سینما فلور شو کی پرچیاں اور ریز گاری، پینٹری میں پانچ دن سے برتن بغیر دھلے پڑے تھے۔ میاں بجائے برتن دھونے کے نئے برتن نکال نکال کر استعمال کرتے جاتے تھے۔ اس طرح درجنوں موزے، رومال، بنیان خرید ڈالے تا کہ پرانے دھونے نہ پڑیں۔ بہر حال رات کو دو بجے تک اودھم مچتا رہا، پھر ہمسائے کی گرج دار آواز آئی: "خاموش!" ہم عموماً ہمسائے کی بات نہیں سنتے۔ لیکن یہ ہمسایہ ہوائی کا مشہور پہلوان اور ہیوی ویٹ چیمپئن تھا اور نام بھی تھا بارڈ بائلڈ ہیگرٹی اس لیے اس کی ایک تنبیہ ہی کافی تھی۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ 10=1+9

(i) اکبری کی حماقتیں (ii) ایوب عباسی

5. سید ضمیر جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) کشمیر۔ ہماری شہ رگ (ii) میرا پسندیدہ شاعر (iii) محنت میں عظمت

7. تاریخی مقام کی سیر کے احوال پر مبنی اپنے دوست کے نام خط تحریر کیجیے۔ 10

CANCELLED